Urdu | اردو

NATIONAL
CERVICAL SCREENING
PROGRAM
A joint Australian, State and Territory Government Program

Australian Government

# سرویکل سکریننگ ٹیسٹ کے نتیجے کو سمجھنا



## اس گائیڈ سے آپ کو اپنے سرویکل سکریننگ ٹیسٹ کے نتیجے کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

آپ کی ڈاکٹر یا نرس آپ سے نتیجے اور آئندہ مراحل کے متعلق بات کرے گی۔

یہ سوالات پوچھنے، اور اگر آپ کو اپنے نتیجے کے متعلق فکر ہو تو اس بارے میں بتانے، کا اچھا موقع ہے۔

### سرویکل سکریننگ ٹیسٹ کیا معلوم کرنے کے لیے ہوتا ہے؟

سرویکل سکریننگ ٹیسٹ ہیومن پیپیلوما وائرس (HPV) کے انفیکشن کا پتہ چلاتا ہے۔

HPV اتنا عام ہے کہ بہت سے لوگوں کو زندگی میں کبھی نہ کبھی یہ وائرس لگتا ہے اور انہیں اس کا پتہ بھی نہیں چلتا کیونکہ بالعموم اس کی کوئی علامات نہیں ہوتیں۔

لیکن اگر HPV لمبا عرصہ جسم میں موجود رہے تو یہ ایسے مسائل پیدا کر سکتا ہے جو آگے چل کر سرویکل کینسر (رحم کی گردن کے کینسر) کا باعث بن سکتے ہیں۔ کینسر بننے میں بالعموم 10 سے 15 سال لگتے ہیں۔

### میرے ٹیسٹ کے نتیجے کا کیا مطلب ہے؟

آپ کی ڈاکٹر یا نرس آپ سے آپ کے سرویکل سکریننگ ٹیسٹ کے نتیجے پر بات کرے گی اور اگر آپ کا کوئی سوال ہو تو جواب دے گی۔

NATIONAL
CERVICAL SCREENING
PROGRAM
A joint Australian, State and Territory Government Program

Australian Government

## اپنے ٹیسٹ کے نتیجے کو سمجھنا

ٹیسٹ کے ممکنہ نتائج یہ ہو سکتے ہیں اور ان کا مطلب یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| 5 سال بعد دوبارہ سکریننگ کروائیں | آپ کے نمونے میں HPV نہیں پایا گیا۔<br>آپ کا اگلا ٹیسٹ 5 سال بعد ہو گا۔ آپ کو اگلے ٹیسٹ کا وقت آنے سے 3 مہینے پہلے یاد دہانی کروائی جائے گی۔ |
| دوبارہ نمونہ دینے کے لیے اپنی ڈاکٹر یا نرس کے پاس جائیں۔ | آپ نے اپنے ٹیسٹ کے لیے سیلف کلیکشن کا طریقہ چنا تھا اور آپ کے خود لیے ہوئے نمونے میں HPV پایا گیا ہے۔<br>آپ سے واپس ڈاکٹر یا نرس کے پاس جانے کو کہا جائے گا۔ وہ ایک اور نمونہ لے گی جس میں سرویکس کے خلیات شامل ہوں گے۔ اس نمونے کے لیے سیلف کلیکشن کا طریقہ استعمال کرنا ممکن نہیں ہے۔ |
| 12 ماہ بعد پھر یہ ٹیسٹ کروائیں | آپ کے نمونے میں HPV پایا گیا ہے لیکن غالباً آپ کا جسم خود بخود اس وائرس کو نکال دے گا۔ آپ کے لیے 12 مہینے ٹھہر کر دوبارہ ٹیسٹ کروانا محفوظ ہے۔ |
| غیر تسلّی بخش نتیجے کی وجہ سے دوبارہ سرویکل سکریننگ ٹیسٹ کروانا ہو گا | لیبارٹری آپ کے نمونے سے نتیجہ حاصل نہیں کر سکی۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ کوئی مسئلہ ہے۔<br>6 سے 12 ہفتوں میں دوبارہ ٹیسٹ کے لیے بکنگ کریں۔ |
| سپیشلسٹ کے پاس بھیجے جانا | آپ کے نمونے میں HPV پایا گیا ہے اور HPV انفیکشن کی قسم کی وجہ سے مزید ٹیسٹوں یا علاج کی ضرورت ہے۔<br>آپ کی ڈاکٹر یا نرس آپ کو ایک اور ٹیسٹ کے لیے سپیشلسٹ کے پاس بھیجے گی۔ |

## مزید معلومات؟

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو اپنی ڈاکٹر، نرس یا ہیلتھ ورکر سے بات کریں، www.health.gov.au/NCSP دیکھیں یا **1800 627 701 پر کال کریں۔**

اپنی زبان میں مدد کے لیے **131 450** پر ٹرانسلیٹنگ اینڈ انٹرپریٹنگ سروس (TIS National) کو کال کریں۔
ترجمہ شدہ معلومات کے لیے www.health.gov.au/NCSP-multicultural دیکھیں۔